سوال

(674) کیا عورت کے لئے نماز جمعہ میں حاضر ہونا جائز ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کے نماز جمعہ ادا کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے ؟ عورت مردوں سے پہلے یا بعد میں یا مردوں کے ساتھ ہی نماز جمعہ ادا کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کے لئے نماز جمعہ واجب نہیں ہے لیکن اگر عورت امام کے ساتھ نماز جمعہ ادا کرے تو اس کی نماز صحیح اور نماز ظہر سے کفایت کرے گی اور اگر عورت گھر میں نماز ادا کرے تو اسے ظہر کی نماز کے چار فرض ادا کرنا ہوں گے اور وہ نماز وقت شروع ہونے یعنی زوال آفتاب کے بعد ادا کرے گی۔ باللہ التوفیق۔

صلی اللہ علی نبینا محمد وآلہ وصحبہ وسلم (فتوی کمیٹی)
ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد 1

صفحہ نمبر 531

محدث فتویٰ